# 12407 ـ کیا فوجی یونٹ میں ملازمت کرنےوالے کے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے ؟

### سوال

میں فوجی یونٹ میں ملازمت کرتاہوں اوررمضان المبارک شروع ہوچکا ہے توکیا میرے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے کیونکہ حالات روزہ رکھنے کی اجازت نہیں دیتے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد لله.

آپ کے لیے روزہ چھوڑنے کی اجازت نہیں کیونکہ آپ روزہ رکھنے کے مکلف ہیں ، لیکن اگر آپ مسافر ہوں یا پھر مریض اورمرض بھی ایسا جس میں روزہ نہ رکھا جاسکے توپھر روزہ چھوڑنا جائز ہے ۔

کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

جوکوئي مریض ہویا مسافر تووہ دوسرےدنوں میں گنتی پوری کرے البقرۃ ( 185 ) ۔

اورایک دوسرے مقام پر کچھ اس طرح فرمایا :

اللہ تعالی کسی بھی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں کرتا البقرۃ ( 286 ) ۔

اورایک مقام پر اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اورتم پر دین کے بارہ میں کوئي تنگي نہیں ڈالی الحج ( 78 ) ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اوران کے صحابہ کرام پر رحمتیں نازل فرمائے .